وافی
wafi

# ڈائریکٹرز کا انتخاب

اراکین کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ (1)167 کے تقاضوں کے مطابق، درج ذیل افراد نے وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (" کمپنی ") کے پاس، بطور ڈائریکٹر، اپنے انتخاب کے لیے امیدواری پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس جمع کرایا ہے۔ یہ انتخاب کمپنی کے غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) میں کیا جائے گا جو بروز جمعرات، بتاریخ 11 جون 2026ء، دوپہر 1:00 بجے، موون پک ہوٹل، گرانڈ بال روم ، کراچی، میں اور ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے ورچوئل طور پر منعقد کیا جائے گا اور اس میں 10 ڈائریکٹرز کو منتخب کیا جائے گا:

1- جناب عامر آر۔ پراچہ
2- ڈاکٹر عائشہ خان
3- جناب بدرالدین ایف۔ ویلانی
4- جناب غسان العمودی
5- جناب حبیب حیدر
6- جناب ہنس- کرسٹوف بوش
7- جناب جاوید اختر
8- جناب جبران سرفراز
9- جناب کائی-اوئی وٹرسٹین
10- جناب خان محمد بلوچ
11- جناب محمد قاسم
12- جناب وحید اے۔ شیخ
13- جناب ظفر اے۔ خان

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد 10 (دس) مقرر کی تھی۔ چونکہ انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1)159 کے تحت بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہے، لہٰذا مذکورہ بالا افراد کمپنی کے آئندہ غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) میں اگلی تین سالہ مدت کے لیے ڈائریکٹرز کے انتخاب میں بطور امیدوار حصہ لیں گے۔

## اسکروٹینائزر کی تقرری

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 (" ریگولیشنز ") کے ریگولیشن 11 کے مطابق، غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں ریگولیشنز کے ریگولیشن 11A میں بیان کردہ ووٹنگ کے عمل کی انجام دہی اور نگرانی کے مقصد کے لیے، وافی انرجی پاکستان (" کمپنی ") کے ڈائریکٹرز نے بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو کہ ایک QCR ریٹیڈ آڈٹ فرم ہے، کو بطور اسکروٹینائزر (جانچ کنندہ) مقرر کیا ہے۔ اسکروٹینائزر متعلقہ قانونی تقاضوں کے مطابق ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال کے لیے ضروری علم اور تجربہ رکھتا ہے۔

کراچی
04 جون، 2026

لالہ رُخ حسین- شیخ
کمپنی سیکریٹری

6، چودھری خلیق الزماں روڈ،
پی-او-باکس 3901، - کراچی 75530

# ڈاک کے ذریعہ ووٹنگ کا بیلٹ پیپر

**دفتر کارجسٹرڈ پتا:** وافی انرجی پاکستان لمٹیڈ، 6 چودھری خلیق الزماں روڈ، کراچی- 75530
**فون نمبر:** 222-888-111 (21) 92 + **فیکس نمبر:** 0110-3563 (21) 92 + **ویب سائٹ:** https://wafi-energy.com

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) میں، جو جمعرات، بتاریخ 11 جون، 2026ء کی دوپہر 1:00 بجے، موون پک ہوٹل، گرینڈ بال روم، کراچی اور ساتھ ہی ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی یعنی ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے بیلٹ پیپر۔

**چیئرپرسن سے رابطے کی تفصیلات، جہاں بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے:**

**کاروباری پتا:** دی چیئرپرسن، وافی انرجی پاکستان لمٹیڈ، بمقام وافی انرجی پاکستان لمٹیڈ، 6 چودھری خلیق الزماں روڈ، کراچی- 75530

**ای میلز کے لیے خصوصی پتا:** companysec@wafi-energy.com

| | |
|---|---|
| حصص یافتہ کا نام / مشترکہ حصص یافتگان کے نام | |
| حصص یافتہ کا رجسٹرڈ پتا | |
| حصص کی تعداد | |
| فولیو نمبر | |
| کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) نقل منسلک کی جائے | |
| اضافی معلومات اور منسلکات (کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کا نمائندہ ہونے کی صورت میں) | |

میں / ہم، یہاں، پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرتا ہوں / کرتے ہیں:

آپ اپنے تمام دستیاب ووٹ کسی ایک امیدوار کے حق میں بھی استعمال کر سکتے ہیں یا، اپنی مرضی کے مطابق، اُنہیں ایک سے زائد امیدواروں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ تاہم، یہ بات واضح رہے کہ استعمال کیے گئے ووٹوں کی مجموعی تعداد دستیاب ووٹوں (یعنی آپ کی ملکیت میں موجود حصص کی تعداد ×10) سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔

| نمبر | ڈائریکٹرز کے نام | کوڈ نمبر | ڈائریکٹر کے حق میں ووٹنگ کے لیے استعمال کیے گئے عمومی حصص کی تعداد | کاسٹ کیے گئے ووٹ (ووٹنگ کے لیے حصص x منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹر یعنی 10) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جناب عامر آر۔ پراچہ | D1 | | |
| 2 | ڈاکٹر عائشہ خان | D2 | | |
| 3 | جناب بدرالدین ایف۔ ویلانی | D3 | | |
| 4 | جناب غسان العمودی | D4 | | |
| 5 | جناب حبیب حیدر | D5 | | |
| 6 | جناب ہنس۔ کرسٹوف بوش | D6 | | |
| 7 | جناب جاوید اختر | D7 | | |
| 8 | جناب جبران سرفراز | D8 | | |
| 9 | جناب کائی۔ اوئی وٹ سٹین | D9 | | |
| 10 | جناب خان محمد بلوچ | D10 | | |
| 11 | جناب محمد قاسم | D11 | | |
| 12 | جناب وحید اے۔ شیخ | D12 | | |
| 13 | جناب ظفر اے۔ خان | D13 | | |

مقام: ____________ تاریخ: ____________ حصص یافتہ / یافتگان کے دستخط: ____________

**بیلٹ پیپر جمع کرانے کے لیے ہدایات / طریقۂ کار:**

-1 ہر اعتبار سے مکمل اور دستخط شدہ اصل پوسٹل بیلٹ کو چیئرپرسن کے نام مذکورہ بالا کاروباری پتے یا مقررہ ای میل ایڈریس پر ارسال کیا جائے۔ نیز، اصل پوسٹل بیلٹ کی اسکین شدہ نقل بھی companysec@wafi-energy.com پر بھیجی جاسکتی ہے۔

-2 بیلٹ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل / پاسپورٹ کی نقل (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) منسلک ہونا چاہیے۔

-3 پوسٹل بیلٹ فارم لازماً اجلاس کے چیئرپرسن تک، بتاریخ 10 جون، 2026ء تک یا اُس سے پہلے، دفتری اوقات میں موصول ہو جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے عمل میں شامل نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی زیرِ غور لایا جائے گا۔

-4 پوسٹل بیلٹ پر کیے گئے دستخط قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مطابقت رکھنے چاہییں۔

-5 ایسے بیلٹ پیپر جو نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط اندراجات پر مشتمل، خراب، پھٹے ہوئے، مسخ شدہ یا جن میں اوور رائٹنگ یا کسی بھی قسم کی غیر مجاز ترمیم موجود ہو، قابلِ قبول نہیں ہوں گے اور مسترد کر دیے جائیں گے۔

-6 اگر ووٹ کارپوریٹ باڈی یا کارپوریشن کے مجاز نمائندے کے ذریعے دیا جا رہا ہو تو پوسٹل بیلٹ کے ہمراہ مجاز نمائندے کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی اور کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی قابلِ اطلاق دفعات 138 یا 139 کے تحت بورڈ کی قرارداد (Board Resolution)، پاور آف اٹارنی (Power of Attorney) یا اجازت نامے (Authorization Letter) کی باضابطہ تصدیق شدہ نقول جمع کرانا لازم ہو گا۔ غیر ملکی کارپوریٹ باڈی وغیرہ کی صورت میں، تمام دستاویزات رکن کے متعلقہ دائرۂ اختیار میں تعینات پاکستان کے قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہونی چاہییں۔

-7 بی ڈی او ابراہیم اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو ایجنڈا آئٹم نمبر 1 کے لیے اسکروٹینائزر (Scrutinizer) مقرر کیا گیا ہے، جو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال میں ضروری مہارت اور تجربہ رکھتے ہیں۔

-8 بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ https://wafi-energy.com پر بھی دستیاب ہے۔ اراکین، بیلٹ پیپر، ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع شدہ اصل یا فوٹو کاپی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

-9 ہر رکن کے پاس اتنے ووٹ ہوں گے جو اس کے پاس موجود ووٹنگ کے یے درکار حصص کی تعداد اور منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد کے حاصل ضرب کے برابر ہوں (یعنی، زیر ملکیت حصص کی تعداد کو 10 سے ضرب دیا جائے)۔

10 ہر رکن کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ اپنے تمام ووٹ کسی ایک امیدوار کے حق میں استعمال کرے یا اپنی مرضی کے مطابق انہیں متعدد امیدواروں میں تقسیم کرے، بشرطیکہ استعمال کیے گئے ووٹوں کی تعداد رکن کے دستیاب ووٹوں سے زیادہ نہ ہو۔